نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی بہتر نگہداشت کے لئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور،07مارچ2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کو دانہ بننے کی ابتداء یعنی دودھیا حالت پر پانی ضرور لگائیں۔ یہ سٹے میں دانے بننے اور بھرنے کا وقت ہوتا ہے۔ اگر اس مرحلے پر پانی نہ دیا جائے یا تاخیر سے دیا جائے تو دانے کا سائز چھوٹا رہ جاتا ہے اور پیداوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔ گندم کی فصل پر کنگی کا حملہ سب سے پہلے کھیت کے کچھ حصوں پر ٹکڑیوں کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے اور پھر وہاں سے پورے کھیت میں پھیل جاتا ہے۔ لہٰذا گندم کے کاشتکار باقاعدگی کے ساتھ اپنی فصل کا معائنہ کرتے رہیں۔ کنگی کے حملہ کی صورت میں صرف متاثرہ حصوں پر ہی محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب پھپھوندی کش زہروں کا سپرے کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم پر سست تیلے کا حملہ فروری کے آخر میں عمومی طور پر مشاہدہ میں آتا ہے اور مارچ کے آخر تک شدت اختیار کر جاتا ہے۔ گندم پر سست تیلے کے حملہ کی صورت میں کاشتکار زرعی زہریں ہرگز استعمال نہ کریں۔ زہر کی بجائے صرف ٹھنڈے پانی کا سپرے کریں۔

☆☆☆☆